# 154727 ـ دشمنان اسلام کی موت اور انہیں پہنچنے والی دنیاوی مصیبتوں پر خوش ہونا جائز ہے؟

**سوال**

جس وقت اللہ تعالی کسی بھی مسلم یا غیر مسلم شخص کو موت دے دے اور وہ اسلام دشمنی میں کھلم کھلا کردار ادا کرتے ہوں، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اپنی تحریروں، تقاریر، مباحثوں اور نظریات کے ذریعے ہمہ تن مصروف ہوں، ایسی باتیں کرتے ہوں جن سے اسلام کے مسلمہ اصول و ضوابط کے متعلق شکوک و شبہات پیدا ہوں، تو ہمیشہ یہ سوال اٹھتا ہے کہ حدیث میں ہے کہ (اپنے فوت شدگان کی صرف خوبیاں بیان کیا کرو) لیکن ان مرنے والوں کی زندگی اور کردار ایسا نہیں کہ ان میں سے کچھ بیان کیا جا سکے، میں نے اس حدیث کے بارے میں یہ بھی پڑھا ہے کہ یہ ضعیف حدیث ہے۔ تو میری آپ سے گزارش ہے کہ اس مسئلے میں صحیح شرعی حکم واضح کر دیں، اور یہ بھی بتلا دیں کہ کیا اس جیسے لوگوں کی موت پر خوش ہونا جائز ہے یا ناجائز؟ کیونکہ یہ لوگ اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہیں۔ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

سائل نے جس حدیث کا ذکر کیا ہے وہ ضعیف ہے، صحیح ثابت نہیں ہے۔

اس روایت کو ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تم اپنے فوت شدگان کی خوبیاں ذکر کیا کرو، اور ان کی برائیوں سے زبان روک لو) اس حدیث کو ابو داود: (4900) اور ترمذی: (1019) نے روایت کیا ہے اور اسے ضعیف قرار دیا ہے، نیز امام ترمذی کہتے ہیں کہ: "یہ غریب حدیث ہے اور میں نے محمد بن اسماعیل بخاری کو کہتے ہوئے سنا کہ: اس حدیث کا راوی : عمران بن انس مکی منکر الحدیث ہے۔" نیز اس مسئلے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی ایک روایت منقول ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (فوت شدگان کو برا بھلا مت کہو؛ کیونکہ وہ اپنے کیے ہوئے اعمال تک پہنچ گئے ہیں۔) اس حدیث کو امام بخاری : (1329) نے روایت کیا ہے۔

دوم:

دشمنان اسلام، سنگین نوعیت کے بدعات کے مرتکب افراد، اور اعلانیہ گناہ کرنے والے لوگوں کی موت پر خوشی

